نیلام عام دوسری بار

اشتہار نیلام بذریعہ E-Baldia تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غازی (ہری پور) برائے ایک سال 27-2026

بحوالہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخواہ پشاور مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ: 07/05/2026 کے تحت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن غازی ضلع ہری پور اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات کو برائے مالی سال 27-2026 از یکم جولائی 2026، جون تا 30 جون 2027 میعاد ایک سال کے لیے بذریعہ E-Baldia آن لائن بولی/نیلامی کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند ٹھیکیداران محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کی ویب سائٹ (eBaldia.https://cfmis.lgkp.gov.pk) پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شیڈول نیلامی ٹھیکہ جات برائے ایک سال (27-2026)

نمبر	نام ٹھیکہ جات	معیاد ٹھیکہ	زر بیعانہ	بولی کی رقم بمعہ 10% اضافہ کیساتھ	شیڈول آن لائن نیلامی بذریعہ E-Baldia
01	جنرل بس سٹینڈ غازی، سٹینڈ سری کوٹ، رکشہ سٹینڈ جھانیاں تا غازی/سری کوٹ۔	ایک سال	111205/- زر بیعانہ کی رقم ویب سائٹ کے مطابق جمع ہوگی۔	2224100/-	14,13,12 اکتوبر 2026 پر ٹھیکہ جات کو مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق آن لائن نیلامی کے لیے پیش کیا جائیگا۔ اگر کوئی ٹھیکہ مقررہ تاریخ پر نیلامی سے رہ گیا تو اس کا دوبارہ 28,27,26 اکتوبر 2026 پر آن لائن نیلامی کے لیے پیش کیا جائیگا۔ (وقت مقررہ بروز پیر 09:00AM تا بدھ 04:00PM)
02	ہفتہ وار منڈی مال مویشیاں جھانیاں	ایضاً	56938/- زر بیعانہ کی رقم ویب سائٹ کے مطابق جمع ہوگی۔	1138764/-	ایضاً

E-Baldia نیلامی میں حصہ لینے کے لیے چیدہ چیدہ شرائط درج ذیل ہیں۔

(1)... قانونی طریقہ کار کے مطابق کامیاب بولی دہندہ اگلے تین دن تک دفتری اوقات کار میں ٹھیکہ کی کل مالیت کے 5% زر ضمانت اور 15% پیشگی رقم بمعہ زر بیعانہ جمع کرانے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور جمع شدہ زر بیعانہ بحق دفتر TMA غازی ضبط کر کے ٹھیکیدار فرم کا لائسنس بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ (2)... لوکل کونسل بورڈ، TMA غازی کے بقایادار یا اسکے بااختیار نمائندے E-Baldia آن لائن آکشن میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہونگے۔ (3)... نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر ایک یا تمام نیلامی کو منظور یا مسترد کر دے۔ (4)... بولی دہندہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت موہوار قسط کیساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی و صوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہونگے تو انکو بھی جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ (5)... بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا ناکامی کی صورت میں TMA غازی ذمہ دار نہ ہوگا۔ (6)... بولی دہندہ ٹھیکہ ہذا کا مکمل ریکارڈ یعنی رسیدات وغیرہ دفتر ہذا کو اپنے ریکارڈ کے حوالہ کر دیگا۔ (7)... بولی دہندہ کو بدوران ٹھیکہ بارش قدرتی آفات، ہڑتال وغیرہ کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔ (8)... ٹھیکیدار بولی دہندگان لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ کی پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال 27-2026 کے لیے جاری شدہ شرائط وضوابط پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔ (9)... خیبر پختونخواہ کی کسی بھی لوکل کونسل کا بقایادار آن لائن بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ (10) ٹھیکیدار کا کیپرا کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ دیگر شرائط وضوابط بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ریگولیشن TMA غازی میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اشتہار ہذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ (eBaldia.https://cfmis.lgkp.gov.pk) پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

INF (P) 4879/26

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے غازی　　المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن) ٹی ایم اے غازی

روزنامہ نئی بات